سیکنڈ ائیر-ترجمۃ القرآن، مرکزی موضوعات

سورت کا نام	مرکزی موضوعات
سورۃ النساء	سورۃ النساء میں حقوق اللہ اور حقوق العباد، تقوی کی اہمیت، عورتوں کے حقوق، اہل کتاب اور منافقین کے رویوں کی مذمت، غزوہ بدر و اُحد کا بیان اور سماجی زندگی کی اصلاح سے متعلق احکام بیان کئے گئے ہیں۔
سُورَةُ الْمَآئِدَةِ	سُورَةُ الْمَآئِدَةِ کا مرکزی موضوع یہود و نصاریٰ کے غلط عقائد کا بیان، مسلمانوں کو نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی اطاعت کرنے اور شریعتِ اسلامیہ کے تمام احکام پر عمل کی ترغیب ہے۔
سُورَةُ النُّوْر	سُورَةُ النُّوْرِ کا مرکزی موضوع معاشرتی زندگی سے متعلق آداب کا بیان ہے۔
سُورَةُ الْاَحْزَابِ	سُورَةُ الْاَحْزَابِ میں غزوۂ خندق کے اَحوال، منافقین کی عہد شکنی، نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اور آپ کے اہل بیتِ اَطہار رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے فضائل و خصائص اور عرب کی جاہلانہ رسم و رواج کے متعلق اسلامی اَحکام کی تفصیل اس سورت کا مرکزی موضوع ہیں۔
سُورَةُ مُحَمَّدٍ	سُورَةُ مُحَمَّدٍ کا مرکزی موضوع جہاد کی ترغیب، انفاق فی سبیل اللہ کی ترغیب اور کفار و منافقین کے انجام کا بیان ہے۔
سورۃ الفتح	اس سورت میں صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے اوصاف بیان کرتے ہوئے ان کی عظمت اور منافقین کی مذمت بیان کی گئی ہے۔
سُورَةُ الْحُجُرٰتِ	سُورَةُ الْحُجُرٰتِ کا مرکزی موضوع بارگاہِ رسالت خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ میں حاضری کے آداب اور معاشرتی اصلاح ہے۔
سُورَةُ الْحَدِيْدِ	سُورَةُ الْحَدِيْدِ کا مرکزی موضوع انفاق فی سبیل اللہ اور جہاد فی سبیل اللہ کی تلقین اور ترغیب کا بیان ہے۔
سُورَةُ الْمُجَادَلَةِ	سُورَةُ الْمُجَادَلَةِ میں احکامِ شریعت، آدابِ مجلس اور منافقین کے رویے کا بیان ہے۔
سُورَةُ الْحَشْرِ	سُورَةُ الْحَشْرِ میں یہودِ مدینہ کے انجام، مالِ فے کی تقسیم، منافقین کی منافقت اور اہلِ ایمان کی صفات بیان کی گئی ہیں۔
سُورَةُ الْمُمْتَحِنَةِ	سُورَةُ الْمُمْتَحِنَةِ میں ایسے کفار سے دوستی اور ذاتی تعلقات کی غرض سے روابط رکھنے کی ممانعت بیان کی گئی ہے جو اسلام دشمنی میں پیش پیش رہتے تھے۔
سُورَةُ الصَّفّ	سُورَةُ الصَّفّ کے مرکزی موضوعات میں جہاد فی سبیل اللہ کی ترغیب اور نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی رسالت کی حقانیت کا بیان شامل ہے۔
سُورَةُ الْجُمُعَةِ	سُورَةُ الْجُمُعَةِ کا مرکزی موضوع نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی بعثت کے مقاصد کا بیان، یہودیوں کے رویے کی مذمت اور اُمت مسلمہ کے عظیم اجتماع جمعۃ المبارک سے متعلق احکام ہیں۔
سُورَةُ الْمُنٰفِقُوْن	سُورَةُ الْمُنٰفِقُوْن کا مرکزی موضوع منافقین کی عادات، نفاق کے اسباب اور نفاق کی سزا کا بیان ہے۔
سُورَةُ التَّغَابُن	اللہ تعالیٰ کی قدرت کی نشانیاں بیان کرکے اتباعِ رسول خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی دعوت دینا، اس سورت کا مرکزی موضوع ہے۔
سُورَةُ الطَّلَاقِ	سُورَةُ الطَّلَاقِ میں طلاق اور عدت کے احکام اور کامیاب زندگی گزارنے کے راہ نما اصول بیان کیے گئے ہیں۔
سُورَةُ التَّحْرِيْمِ	سُورَةُ التَّحْرِيْمِ کا مرکزی موضوع معاشرتی اور ازدواجی زندگی کے لیے ہدایات اور میاں بیوی کی ذمہ داریاں ہیں۔

YOUTH ACADEMY